پریس ریلیز

مہنگی بجلی، گیس کے بھاری فکسڈ چارجز اور ایل پی جی کی بلیک مارکیٹنگ نے انڈسٹری کا دم گھوٹ دیا: چیمبر قیادت

پیداواری لاگت میں بے پناہ اضافے سے فیکٹریاں بند، لاکھوں مزدوروں کا روزگار خطرے میں؛ صنعتی بجلی و گیس پر سے ناواجب فکسڈ چارجز اور FPA فی الفور ختم کیے جائیں: شیخ غلام حسین جج

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کے صدر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل اور نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر نے اپنے مشترکہ بیان میں تاجر و صنعت کار برادری کو درپیش شدید معاشی بحران پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صنعتی بجلی و گیس کے ناقابلِ برداشت ٹیرف پر بات کرتے ہوئے کہا کہ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے، ناانصافی پر مبنی فکسڈ چارجز اور فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ (FPA) کی بھرپور مار نے ملکی انڈسٹری کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ پیداواری لاگت میں بے پناہ اضافے کی وجہ سے مقامی فیکٹریاں اور صنعتی یونٹس تیزی سے بند ہو رہے ہیں جس سے لاکھوں روزی کمانے والے مزدوروں کی ملازمتوں پر بے روزگاری کی تلوار لٹک چکی ہے۔

چیمبر عہدیداران نے حکومت سے پرزور مطالبہ کیا کہ صنعتی بجلی اور گیس پر سے ناواجب فکسڈ چارجز فوری طور پر ختم کیے جائیں تاکہ صنعتی پہیہ چلتا رہے۔ علاوہ ازیں، چیمبر قیادت نے ایل پی جی (LPG) مافیا کے ہاتھوں کھلے عام بلیک مارکیٹنگ اور مصنوعی قلت پر شدید غم و غصے کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ سردیوں کی آمد سے قبل ہی گرانفروش اور بلیک مارکیٹ مافیا فعال ہو چکے ہیں اور اوگرا (OGRA) کے طے شدہ سرکاری نرخوں کی کھلم کھلا خلاف ورزی کر کے من مانی قیمتیں وصول کر رہے ہیں، جس سے صنعت اور عام صارف دونوں شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ چیمبر نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ وفاقی اداروں سے فوری نوٹس لینے اور گرانفروشوں کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن کر کے سرکاری نرخوں پر ایل پی جی کی بلاتعطل فراہمی کا مطالبہ کیا۔

PRESS RELEASE

High Electricity Costs, Heavy Fixed Gas Charges, and LPG Black Market Operations Have Suffocated Industry: Chamber Leadership

Factories Shutting Down Due to Skyrocketing Production Costs, Putting Livelihoods of Millions of Workers at Stake; Unjustified Fixed Charges and FPA on Industrial Power and Gas Must Be Abolished Immediately: Sheikh Ghulam Hussain Judge

GUJRANWALA: In a joint statement, Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, and Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar expressed deep concern over the severe economic crisis confronting the trade and industrial fraternity. Highlighting the unbearable tariffs on industrial electricity and gas, they stated that extraordinary price hikes, unjust fixed charges, and burdensome Fuel Price Adjustments (FPA) have crippled domestic industry. Due to soaring production costs, local factories and industrial units are shutting down rapidly, putting the livelihoods of millions of workers at stake.

The Chamber leadership strongly demanded that the government immediately abolish unjustified fixed charges on industrial electricity and gas to keep the industrial wheels turning. Furthermore, the Chamber leadership voiced extreme anguish over the open black marketing and artificial shortages of LPG orchestrated by cartels. They noted that profiteers and black market mafias have become active ahead of the winter season, openly violating OGRA-notified official rates and charging arbitrary prices, severely impacting both industries and general consumers. The Chamber urged the district administration and relevant federal authorities to take immediate notice, launch an unsparing crackdown against profiteers, and ensure the uninterrupted supply of LPG at official rates.